اشفاق گل بن دولت خان۔ سوئم: عبدالبصیر بن غیور خان۔ (تجوید) اول: احمد شاہ بن خدائیداد۔ دوئم: فیاض احمد بن نور محمد۔ سوئم: محمد بلال بن میر سید علی۔

کینیڈین نو مسلم خاتون کی دارالعلوم آمد: کنیڈین خاتون جسے اللہ تعالیٰ نے نائن الیون کے بعد اسلام کی نعمت سے نوازا ہے' اوراب خدیجہ عبدالقہار کے نام سے اسلام اور اسلامی دنیا کے بارہ میں اصل حقائق اور رخ روشن دکھانا چاہتی ہیں' اس مقصد کے لئے جہاد کا دروازہ کھل رہا ہے (www.jihadunspun.com) کے عنوان سے ویب سائٹ بنا چکی ہیں۔ مولانا سمیع الحق مدظلہ سے تفصیلی بات چیت اور ڈاکومنٹری فلم بنانے کے سلسلہ میں متعدد بار تشریف لائیں۔ مولانا مدظلہ نے اس معمر خاتون کے اسلامی جذبات کو سراہا اور ہر طرح تعاون کی پیشکش کی۔

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار: ۲۱ راپریل کو حضرت مولانا مدظلہ نے گوجرانوالہ میں حضرت مولانا عبدالحمید سواتی'' کی تعزیت کی اور مغرب کی نماز کے بعد مدرسہ نصرۃ العلوم میں تعزیتی خطاب کیا۔ اسی دن مولانا نے جامعہ اسلامیہ کامونکی گوجرانوالہ میں مولانا عبدالرؤف صاحب فاروقی جنرل سیکرٹری جے یو آئی پنجاب کے پروگرام مکالمہ بین المذاہب کے سہ روزہ کورس کے اختتام میں خطاب کیا اور سندات تقسیم کیے۔ ۲۲ راپریل کو جامعہ قاسمیہ غلام محمد آباد فیصل آباد میں مولانا ضیاء القاسمی مرحوم کے صاحبزادہ جناب زاہد قاسمی کے استقبالیہ میں شرکت کی اور بعد از نماز ظہر جامع مسجد انوری سنت پورہ میں علماء وکارکنان کے کنونشن سے خطاب کیا۔ جس میں فیصل آباد کے تمام مدارس کے اکابرین بھی شریک ہوئے' بعد از عشاء مولانا مدظلہ نے مدرسہ قاسم العلوم جھنگ میں قاری محمد اشرف منصوری کے ادارہ میں ایک بہت بڑے جلسہ عام سے خطاب کیا۔

دارالعلوم کے استاذ حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ عرف دیر بابا کی اہلیہ کی رحلت: ۴ رمئی کی علی الصبح دارالعلوم کے بزرگ استاد حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ عرف دیر بابا کی زوجہ طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ انتہائی' عابدہ' زاہدہ' نیک سیرت اور خداترس خاتون تھیں' زندگی بھر قرآن کی خدمت کی اور سینکڑوں بچوں کو قرآنی تعلیمات سے روشناس کرایا۔ مرحومہ کا نماز جنازہ دارالعلوم کے وسیع میدان میں ہوا۔ جنازہ میں صوبہ سرحد سے ہزاروں جید علماء کرام' فضلاء حقانیہ' سیاسی ومذہبی رہنماؤں نے شرکت کی۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سفر ایران پر تھے۔ جنازہ حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے پڑھایا اور مقبرہ حقانی میں سپرد خاک کیا گیا۔ مرحومہ نے اپنے بچوں کی بڑی مثالی تربیت کی اور سب بچوں کو دینی اور عصری علوم سے آراستہ کیا۔ ادارہ حضرت مولانا مدظلہ اوران کے صاحبزادگان مولانا سعید الرحمٰن اور مولانا مطیع الرحمٰن سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

ماہنامہ ''الحق'' کے سابق کاتب محمد لطیف کیلانی صاحب کو صدمہ: ایک طویل عرصہ تک ماہنامہ الحق اور مؤتمر المصنفین کے خوشنویس جناب محمد لطیف کیلانی صاحب کے جواں سال فرزند محمد سفیان ۱۵ رمئی کو وفات پا گئے۔ اس بے پناہ صدمہ کے موقع پرادارہ مرحوم کے رفع درجات اور جناب کیلانی صاحب کے صبر جمیل کیلئے دعا گو ہے۔